اللہ کی محبت

مصنف

ہارون یحییٰ

مترجم

محمد نذیر احمد

ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی ۶

© جملہ حقوق بحقِ مصنف محفوظ!

LOVE OF ALLAH

by

Haroon Yahya

Edited by

Mohd. Nazir Ahmad
Mob: 8473563788
Email: zoh786@gmail.com

Year of 1st Edition 2010
ISBN 978-81-8223-794-0

نام کتاب	:	اللہ کی محبت
مصنف	:	ہارون یحییٰ
مترجم	:	محمد نذیر احمد
سنہ اشاعت	:	۲۰۱۰ء
مطبع	:	عفیف آفسیٹ پرنٹرس، دہلی ۔ ۶

Published by

EDUCATIONAL PUBLISHING HOUSE

3108,Vakil Street, Kucha Pandit, Lal Kuan, Delhi-6(INDIA)
Ph : 23216162, 23214465, Fax : 0091-11-23211540
E-mail: info@ephbooks.com,ephdelhi@yahoo.com
website: www.ephbooks.com

Created with Print2PDF. To remove this line, buy a license at: http://www.software602.com/

فہرست

- قارئین سے خطاب 7
- تعارف مصنف 9
- تمہید 13
- اللہ کی محبت 17
- ہر شخص کی خوبصورتی کا ماخذ اللہ ہے 18
- اللہ کی پیدا کردہ ہر چیز ہوتی ہے بہت ہی ندرت بھری اور نفع بخش 25
- اللہ چاہتا ہے آسانیاں لوگوں کیلئے 26
- اللہ پشیمانی (توبہ) قبول کرتا ہے اور معاف کرتا ہے ان لوگوں کو جو ندامت محسوس کرتے ہیں 29
- اللہ حفاظت کرتا ہے اور مدد کرتا ہے ان لوگوں کی جو اس کے بتائے ہوئے راستے پر چلتے ہیں 30
- اللہ دعائیں قبول کرتا ہے 33
- اللہ اپنے میں غیر معمولی انصاف رکھتا ہے 34
- ڈر، احترام اور محبت اللہ کے لئے ایک ساتھ ہونا چاہیے 36
- وہ جو اللہ سے محبت کرتے ہیں، محبت کرتے ہیں پیغمبروں سے اور ایمان والوں سے 38
- وہ اللہ سے محبت کرتے ہیں، ایمان والوں سے بھی محبت کرتے ہیں 42
- ہمارے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم باہمی محبت کی تلقین کرتے ہیں 42
- اللہ کی خاطر محبت 43
- قابلِ بھروسہ محبت اور قرآنی اخلاق صرف باہم مل کر رہ سکتے ہیں 48
- محبت کی سچی فطرت کے بارے میں غلط فہمیاں 49
- بُت پرستوں کی محبت ایک مرد اور ایک عورت کے درمیان 49
- دوستیاں جن کی بنیاد ذاتی مفاد پر 51
- دنیاوی محبت عارضی ہوتی ہے 53
- قرآنی لحاظ سے محبت کی سمجھ 54
- ایثار یا قربانی کے حاصل ہونے کے لئے 55

- معاف کرنے کی صفت 58
- انکساری کرنا 60
- راست گو اور ایماندار 62
- صابر رہنا 63
- فرمانبردار ہونا 65
- مہربان ہونا 66
- ایک شخص فکر کرتا ہے کسی کی بعد کی زندگی کے بارے میں ایسے شخص کو اللہ خلوص کے ساتھ محبت کرتا ہے 67
- اختتام 69
- نظریہ ارتقاء کا دھوکہ 70
- ڈاروینیزم کا سائنسی طور پر خاتمہ 71
- پہلا ناقابلِ شکست قدم، زندگی کی ابتداء 72
- زندگی پیدا ہوتی ہے زندگی سے 72
- کسی قطعی نقطہ پر نہ پہنچنے والی 20 ویں صدی کی کاوشیں 73
- زندگی کی پیچیدہ ساخت 74
- ارتقاء کا تصوراتی میکانیزم 76
- Neo-Darwinism اور اصناف میں تبدیلیاں 77
- Fossil Record میں کوئی نشان درمیانی اشکال کا نہیں پایا گیا 79
- ڈارون کی امیدیں بکھر گئی تھی 80
- انسانی ارتقاء کی کہانی 81
- ڈاروینین فارمولہ 84
- آنکھ اور کان کی ٹکنالوجی 85
- شعور جو دیکھتا ہے اور سنتا ہے بھیجہ میں کس چیز سے متعلق ہوتا ہے 89
- ایک مادہ پرست کا عقیدہ 90
- نظریہ ارتقاء دنیا کی سب سے زیادہ مسحور کن طاقت 91
- مصنّف کے بارے میں 96

☆☆

Created with Print2PDF. To remove this line, buy a license at: http://www.software602.com/

قارئین سے خطاب

"نظریہ ارتقاء کے خاتمہ پر" ایک خصوصی باب بھی اس کتاب میں رکھا گیا ہے، کیونکہ یہ نظریہ تمام رُوحانی فلسفوں کی مخالفت کی بنیاد ہوتا ہے۔

جب سے کہ ڈارونیزم نے تخلیق کی حقیقت سے انکار کرنا شروع کیا ہے اور اس طرح اللہ کے وجود سے منکر ہوا ہے۔ گویا کہ گذشتہ تقریباً 150 سال سے کئی ایک لوگوں کو ان کے اپنے عقیدہ سے گمراہ کر دیا ہے اور ان کو شکوک وشبہات میں مبتلا کر رکھا ہے، اس لئے یہ ایک ناگزیر ضرورت اور ایک اہم فریضہ ہو جاتا ہے ہر ایک کے لئے کہ دوسروں کو دلائل کے ساتھ بتلائیں کہ یہ نظریہ سراسر ایک دھوکہ اور فریب ہے۔

چونکہ بعض قارئین ہماری کتابوں میں سے صرف چند ایک کو پڑھنے کا موقعہ پاتے ہیں، اس لئے ہم خیال کرتے ہیں کہ یہ موزوں ہوگا وقف کرنا ایک باب (Chapter) اس موضوع کو اختصار کے ساتھ پیش کرنے اس کتاب میں۔

مصنف کی ساری کتابیں قرآنی آیات کی روشنی میں عقیدے سے متعلق مسائل کی وضاحت کرتی ہیں اور قارئین کو دعوت دیتی ہیں کہ وہ قرآنی الفاظ کو سمجھیں اور اس لحاظ سے اپنی زندگی گزاریں۔ اللہ کی آیات سے متعلق تمام موضوعات کو واضح طور پر سمجھایا جاتا ہے تاکہ قاری کے دماغ میں اٹھنے والے سوالات کے لئے شک وشبہہ کی کوئی گنجائش باقی نہ رہے۔ کتابوں کا اخلاص، سادگی اور انداز بیان یقین دلاتا ہے کہ ہر عمر کا ہر ایک شخص جو کسی بھی مکتب خیال سے تعلق رکھتا ہے آسانی سے انہیں سمجھ سکتا ہے۔ کتابوں کے متاثر کُن اور صاف ستھری اندازِ تحریر کے ہم مشکور ہیں کہ وہ پڑھے جاتے ہیں مسلسل ایک ہی بیٹھک میں۔

حتیٰ کہ اور لوگ جو زور وشور سے روحانیت کی نفی کرتے ہیں وہ بھی ان کتابوں کی

صداقتوں کے حقائق سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہتے ہیں اور ان کے متن کی سچائی سے انکار نہیں کر پاتے ہیں۔ یہ اور دوسری ساری مصنف کی کتابیں انفرادی طور پر پڑھی جاتی ہیں یا گروپ کی شکل میں زیر بحث لائی جاتی ہیں۔ قارئین جو کتابوں سے نفع حاصل کرنا چاہتے ہیں، وہ ان مباحث کو اپنے لئے بہت ہی کارآمد سمجھتے ہیں۔ وہ تاثرات اور تجارت کا ایک دوسرے سے اظہار کر پاتے ہیں۔ اس کے علاوہ یہ ایک اسلام کی ایک بڑی خدمت ہوتی ہے کہ لوگ طباعت میں معاون ہوں اور ان کتابوں کو وسیع پیمانہ پر پڑھنے یا پڑھانے میں دلچسپی دکھائیں صرف اللہ کی خوشنودی کے لئے۔ یوں تو مصنف کی سب ہی کتابیں ایقان سے بھری ہوتی ہیں۔ اس لحاظ سے سچے مذہب کو دوسروں تک پہچانے کا سب سے بہتر طریقہ لوگوں کو ان کتابوں کو پڑھنے کے لئے راغب کرنا اور حوصلہ افزائی کرنا ہوتا ہے۔

ہم امید کرتے ہیں کہ قارئین، مصنف کی اور دوسری کتابوں کا بھی مطالعہ کریں گے جو ان کے گراں قدر سرچشمہ مواد، عقیدے سے متعلق ہوتے ہیں، پڑھنے میں فرحت بخش اور کارآمد ہوتے ہیں۔ ان کتابوں میں بعض دوسری کتابوں کے برخلاف تم نہیں پاؤ گے کوئی مصنف کی شخصی رائے زنی کہیں بھی، اور وضاحتیں ناقابل اعتماد ماخذوں پر مبنی نہیں ہوتی ہیں، طرز تحریر میں مقدس موضوعات سے متعلق عزت واحترام کا بطور خاص خیال رکھا جاتا ہے اور غیر ضروری، بے کار کے مباحث سے جو دماغ میں شبہات اور دل میں انحراف کا رجحان پیدا کرتے ہیں، احتراز کیا جاتا ہے۔

☆☆

Created with Print2PDF. To remove this line, buy a license at: http://www.software602.com/

تعارف مصنف

آج کل مصنف ہارون یحیٰی کے قلمی نام سے لکھ رہے ہیں۔ یہ انقرہ میں 1956 میں پیدا ہوئے ہیں۔ابتدائی اور ثانوی تعلیم انقرہ میں مکمل کرنے کے بعد،انھوں نے استنبول کے میمار سنان جامعہ سے آرٹس اور فلاسفی کی تعلیم حاصل کی تھی۔1980 کے دہے سے سیاست،سائنس اور عقیدہ سے متعلق مسائل پر کئی ایک کتابیں شائع کروائیں ہیں۔ہارون یحیٰی بحیثیت مصنف ارتقاء پسندوں کے جھوٹے دعوؤں کے پول کھولنے اور Communism, Fascism کے خونی نظریات اور ڈاروینیزم کے درمیان سیاہ گٹھ جوڑ پر اہم کام سرانجام دینے کے لئے کافی عالمی شہرت رکھتے ہیں ان کا قلمی نام ہارون (آرون) اور یحیٰی (جھان) ناموں سے مرکب ہے،یہ قلمی نام ان دو مقدس پیغمبروں کی یاد میں رکھا گیا ہے جو ان کے بدعقیدہ قوموں کے خلاف نبرد آزما رہے تھے۔

پیغمبر کی مُہر (seal) کتابوں کے cover پر اس بات کی علامت ہے کہ ان کتابوں کے متن،پیغمبر کے عزم سے منسلک ہے۔یہ نمائندگی کرتی ہے قرآن اور آخری پیغمبر حضرت محمد ﷺ کی۔

قرآن اور سنت کی رہنمائی میں مصنف اپنا عین مقصد سمجھتے ہیں کہ تردید کرے ہر بنیادی دہریائی نظریات کی اور رکھے رسول اللہ کے آخری خطبہ کو ہمیشہ پیش نظر تا کہ مذہب کے خلاف اٹھنے والے اعتراضات کو مکمل طور پر خاموش کرا سکیں۔مصنف استعمال کرتے ہیں آخری پیغمبر،جنھوں نے حاصل کی تھی اعلیٰ فہم وفراست اور بلند اخلاق،کی مُہر کو ایک علامت کے کرنے ان کی آخری خواہش (آخری خطبہ) کو پورا۔

سارے کے سارے ہارون یحیٰی کے کام رکھتے ہیں اپنے میں ایک واحد مقصد—

تشہیر افکارِ قرآنی — قارئین کی حوصلہ افزائی کرنا سمجھنے میں عقیدہ سے متعلق بنیادی مسائل، جیسے اللہ کا وجود اور اس کی وحدانیت،بعد کی زندگی اور دہریائی نظاموں کے کمزور بنیادوں اور ان کے بگڑے ہوئے نظریات کو طشت از بام کرنا ہوتا ہے۔

کئی ایک ممالک میں ہارون یحیٰی کو پڑھا جاتا ہے،انڈیا سے امریکہ تک،انگلینڈ سے انڈونیشیا تک،پولینڈ سے بوسنیا تک اور اسپین سے برازیل تک۔ان کی بعض کتابیں، انگلش،فرینچ،جرمن،اسپانش،اٹالین،پرتگیز،اردو،عربی،سربو۔کروٹ (بوسنین) پولش،ملایئے، یوای گر (Uygur) ٹرکش اور انڈونیشیائی زبانوں میں دستیاب ہیں۔ان کی ساری دنیا میں قدردانی ہے۔یہ کتابیں ایک بہترین ذریعہ رہی ہیں کئی ایک لوگوں کے لئے دوبارہ ایمان لانے اللہ پر اور حاصل کرنے بالغ نظری اپنے عقیدہ میں۔

مصنف کی ۳۰۰ کتابیں ادراک اور اخلاص اور امتیازی طرز تحریر کے ساتھ سمجھنے میں آسان،بلاواسطہ اثر انداز ہونے میں بے مثل ہوتے ہیں۔ہر ایک جو اِن کو پڑھتا ہے وہ سنجیدگی کے ساتھ سمجھتا ہے ان کتابوں کو اور بیشتر قارئین تائید نہیں کر پاتے دہریت کے یا کوئی بگڑے ہوئے نظریات کی یا مادی فلاسفی کی،کیونکہ یہ کتابیں تیزی سے اثر انداز ہونے کی،خاطر خواہ نتائج پیدا کرنے کی اور ناقابل تردید صلاحیتوں کو ابھارنے کی خاصیت رکھتی ہیں۔حتیٰ کہ اگر پڑھائی کے عمل کو بدستور جاری رکھا جائے تو وہ ایک جذباتی اصرار بھی پیدا کرتے ہیں،کیونکہ یہ کتابیں دہریائی نظریات کو سیدھے ان کی بنیادوں سے اکھاڑ پھینکتی ہیں۔

تمام ہمعصر انکاری تحریکات اب نظریاتی طور پر شکستِ فاش سے دوچار ہو چکے ہیں۔

خدا کا شکر ہے کہ ہارون یحیٰی کی کتابیں اس فیلڈ میں اہم ترین کام انجام دے رہی ہیں۔بے شک یہ ایک نتیجہ ہے قرآن کی ذہانت اور صاف گوئی کا۔مصنف سادگی سے ارادہ کرتے ہیں خدمت کرنے کا بطور ایک ذریعہ کے انسانیت کی تلاش میں اللہ کے صراط مستقیم کے لئے۔ان کتابوں کی اشاعت میں کوئی مالی نفع کارفرما نہیں ہے۔

وہ جو دوسروں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں پڑھنے ان کتابوں کو،کھولنے ان کے دماغوں کو اور دلوں کو اور ان کی رہبری کرتے ہیں ہونے زیادہ خودسپرد بندے اللہ کے گویا وہ کرتے ہیں ایک عمدہ خدمت اللہ کی راہ میں۔

Created with Print2PDF. To remove this line, buy a license at: http://www.software602.com/

اس دوران یہ تضیع اوقات اورتوانائی ہوگا، اگراوردوسرے کتابوں کو بڑھاوادیں جولوگوں کے ذہنوں میں ابتری پیدا کرتے ہیں، لے جاتے ہیں انھیں نظریاتی اختلال (بدنظمی) کی طرف اورجوواضح طور پرنہیں رکھتے کوئی مظبوط اورجامع اثرات دورکرنے لوگوں کے دلوں کے شبہات کو، ایسے میں کیا تصدیق کرسکیں گے سابقہ تجربات سے۔ قارئین پرکتابوں کا اثرانداز ہونا ناممکن ہوجاتا ہے۔ جب کہ کتابوں کا اس طرح ترتیب پانا کہ ان سے مصنف کی ادبی طاقت پرزوردینا ملحوظ ہوتا ہے، بجائے اس کے لوگوں کوعقیدہ کوکھودینے سے محفوظ رکھنے کا بلندتر مقصد پیش نظر ہو۔ یہ بلندتر مقصد ایک بڑااثر پیدا کرتا ہے ایمان کو مضبوطی سے قائم رکھنے میں۔

وہ جواس پرشک کرتے ہیں ساتھ ہی دیکھ سکتے ہیں کہ ہارون یحیٰی کی کتابوں کا واحد مقصد غیریقینی صورت حال پرقابو پانا اورتشہیرافکارقرآنی ہے۔ کامیابی اوراطلاق اس خدمت کا ظاہرہوتا ہے قارئین کے اعتقاد میں۔ ایک بات ہمیشہ دماغ میں رکھنا چاہیے یعنی لوگوں کی ایک کثیر تعداد کے لئے ظلم، برائیاں اوردوسرے خوفناک واقعات کو برداشت کرنے کی اہم وجہ بداعتقادی کے نظریات کا پھیلاؤ ہے۔ یہ سب صرف بداعتقادی کے نظریات کی شکست سے ختم ہوسکتے ہیں۔ جب کہ ہم پہچانتے ہیں خدائی تخلیق کے، عجوبے اورقرآنی اخلاقی اقداراورسائنسی انکشافاتی تائید کے ساتھ لوگوں تک، تولوگ ان تعلیمات پرعمل کرکے سکھ اورچین کی زندگی جی سکیں گے۔

اگردنیا کی موجودہ حالت پرغورکرتے ہیں توہم دیکھتے ہیں کہ یہ حالت دنیا کولے جارہی ہے تشدد، بدنظمی اور جھگڑوں کے گہرے بھنورمیں، لٰہذا صاف طورسے، ہماری آواز وقت کی پکار بنانے کے لئے ہمیں اپنا لائحہ عمل تیز رفتاری سے اورمتاثرکن انداز میں ساری انسانیت کے سامنے پیش کرنا ہوگا ورنہ بعدازوقت کی بات نہ ہوجائے۔ اس کوشش میں، ہارون یحیٰی کی کتابیں ادا کرتی ہیں ایک اہم کردار۔ اللہ کی مرضی سے، یہ کتابیں ہوں گی ایک وسیلہ جس کے ذریعہ اکیسویں صدی کے لوگ حاصل کرسکیں گے امن، انصاف اورخوشی جیسا کچھ کہ قرآن میں وعدہ کیا گیا ہے۔

☆☆

Created with Print2PDF. To remove this line, buy a license at: http://www.software602.com/

تمہید

محبت اللہ کی سب سے بڑی عنایتوں میں سے ایک ہے جو اللہ لوگوں کو عطا کرتا ہے۔لوگوں کی ساری زندگیوں میں، ہر ایک اُن کے ساتھ رہنا پسند کرتا ہے جن کو وہ چاہتا ہے، جن پر بھروسہ کرتا ہے اور جن کے وہ زیادہ قریب ہوتا ہے۔

اللہ کے کئی انعامات اور اُن کے ثمرات صرف ایک ایسے ماحول میں پائے جا سکتے ہیں جہاں پر سچی محبت اور دوستی ہوتی ہے۔مثال کے طور پر، ایک، جو ایک شاندار نظارے سے لطف اندوز ہو رہا ہوتا ہے،فطری طور پر خواہشمند ہوتا ہے کہ اپنی حیرت اور خوشی کے احساسات میں کسی اور کو شریک کرے جس کو وہ چاہتا ہے۔اسی طرح، ایک بہت ہی شاندار دعوت، یا بہت ہی خوبصورتی سے آراستہ گھر بہت ہی پُر کشش دکھائی نہیں دے سکتا ہے، اگر تم اکیلے ہوتے ہو۔اللہ نے لوگوں کو اس لحاظ سے پیدا کیا ہے کہ وہ خوش ہوتے ہیں محبت کئے جانے پر اور دوسروں سے محبت کر کے، اور وہ خوش ہوتے ہیں دوستی سے اور قربت سے رہنے سے اُن لوگوں کے ساتھ جو قرآنی اُصولوں کے لحاظ سے رہتے ہیں، اور جو رکھتے ہیں دوستی، اور محبت اُن سے کرتے ہیں۔ہر ایمان والے کے لئے محبت زیادہ خوشی کا باعث ہوتی ہے مقابلتاً دیگر اور نعمتوں کے۔اس لئے فردوس کا اللہ ان وفادار بندوں سے وعدہ کرتا ہے، جن کو وہ چاہتا ہے اور جن کے ساتھ وہ خوش ہے۔فردوس ہے ایک غیر معمولی جگہ جہاں سچی محبت دوستی اور قربت رہتے ہیں بے انتہا خوشیوں کے ساتھ قرآن میں اللہ ہمیں واقف کراتا ہے کہ کس طرح ایمان والے رہیں گے جنت میں۔جنت کی زندگی ہوگی مستقل طور پر خوشیوں کی، دوستی کی، محبت کی، پُرسکون مباحث کی شیریں الفاظ کی اور سب سے بڑھ کر امن اور چین کی ہوتی ہے۔اس کے نواسی کسی بھی محبت میں یا دوستی میں رُکاوٹوں سے جن کو

وہ جانتے تھے دنیا میں، سامنا نہیں کریں گے۔

مثال کے طور پر، ایک آیت، قرآن میں ظاہر کرتی ہے:

''تمام ضرر رساں خواہشات اور نفرتیں ان کے قلوب سے دور ہو جائیں گی جب وہ جنت میں داخل ہوں گے۔'' (سورۃ الاعراف،۴۳) دوسرے الفاظ میں ہر چیز جو روکتی ہے محبت کو اور دوستی کو (حسد، دشمنی رقابت، طیش، ستم زدگی ستم رسیدی، انتقام، بے رحمی) جنت میں نہیں پائے جائیں گے۔مسلمان جو جنت میں رہتے ہیں ان کی سب سے زیادہ اہم خصوصیات میں سے ایک ہوگی اُن کی محبت کرنے کی صلاحیت، ٹھیک جیسا کہ وہ رکھتے تھے زمین پر۔

تمام پیغمبر، پاک ایمان والے جو مصیبتوں سے گزرتے ہیں اللہ کی راہ میں اور وہ تمام مسلمان جو ماضی میں رہا کرتے تھے آپسی محبت کے ساتھ بھی ہوں گے جنت میں۔

تمام ایمان والے اپنے آپ کو بہت قریب محسوس کرتے ہیں دوسرے نیک طینت مسلمین کے ساتھ جو صرف اللہ کی خوشنودی میں کوشاں رہتے ہیں اور اس طرح انھیں منتخب کرتے ہیں، ہوتے ہوئے ان کے قریبی دوست اور سر پرست کے۔

ہر حال میں اور غیر مشروط طور پر وہ زیادہ خوشی پاتے ہیں دوسرے مسلمانوں کی صحبت میں۔یہ اعلیٰ محبت ظاہر ہوتی ہے اللہ کے ڈر اور احترام سے، اور بطور ایک انعام کے ان کے باطنی قربت کے لحاظ سے جو ان کو ہمارے رب سے ہوتی ہے، وہ نوازے جاتے ہیں فردوس سے جو محبت اور سچائی کا بہت ہی خوبصورت ٹھکانہ ہے۔ایمان والوں کے دلوں میں محبت کا سچا سرچشمہ ان کی اللہ سے گہری محبت ہوتی ہے۔ایمان والے اللہ سے بے پناہ محبت کرتے ہیں اور ہر لمحہ، کوشش کرتے ہیں پانے محبت اور خوشنودی اللہ سے۔

اللہ نے پیدا کیا ہے ہر چیز کو بغیر کسی چیز کے۔جبکہ ایک شخص ابھی تھا ایک حالتِ غیر موجودگی میں، اللہ نے اُسے عطا کر دیا زندگی بطور ایک نعمت کے۔ہمارا اللہ بہت زیادہ رحم والا، بہت ہی مہربان اور بے پایاں رحم کرنے والا ہے۔اس کے بندوں کے لئے ہر چیز فراہم کرتا ہے ـــــ وسیع اقسام کی غذائیں بھی۔

پھل پھلاری، اور پھول، سارے مخلوقات اور سبزہ زارے جن میں ہم فرحت حاصل کرتے ہیں، اور دوسری اشیاء، سورج، پانی، ہوا سے ہم صحت مند رہتے ہیں، پودوں

Created with Print2PDF. To remove this line, buy a license at: http://www.software602.com/

وغیرہ سے ہم اپنی ضروریات پوری کرتے ہیں۔اس نے یہ سب کچھ مکمل طور پر ہماری دنیا میں پیدا کیا ہے۔بیرونی خلاء میں قوانین کے تحت کئی فلکی اجسام بھی پیدا کئے ہیں جو ہزاروں کیلومیٹر کی رفتار سے گردش میں لگے ہیں۔اور اللہ انھیں رکھتا ہے بالکل محفوظ۔ایمان والے جو سوچتے ہیں ان نعمتوں کے بارے میں جو آنکھیں دی گئی ہیں،اور جو واقف ہیں کہ اللہ یہ سب کچھ کرسکتا ہے اور وہ بلاشرکتِ غیرے اس کائنات کا مالک ہے،ہر چیز کا خالق ہے، محسوس کرتے ہیں کہ ان کی محبت اللہ کے لئے زیادہ مظبوط ہوگئی ہے۔وہ جو کہ اللہ سے محبت کرتے ہیں اور ڈرتے ہیں اللہ سے اور احترام سے اسے دیکھتے ہیں،وفاداری سے اپنے حدود کا پاس ولحاظ کرتے ہیں جو اللہ نے انسانیت کے لئے قائم کئے ہیں،بڑی حساسیت کا اظہار کرتے ہیں جب کبھی اس کے قوانین پر عمل کرتے ہیں اور اپنی مقدور بھر کوشش کرتے ہیں حاصل کرنے اس کی خوشنودی،محبت،رحم اور جنت کو۔

ہر مسلم جو اللہ سے محبت کرتا ہے اور احترام کرتا ہے اور اللہ کو خوش کرنے کی کوشش کرتا ہے،وہ دنیا کو نیکی سے مالا مال کرتا ہے۔جو کوئی اللہ سے محبت کرتا ہے وہ اُس کی مخلوقات سے بھی محبت کرتا ہے،اُن کے لئے ہمدردی اور رحم محسوس کرتا ہے،اور دنیا میں خوبصورتی (باقاعدگی)اور بھلائی لاکر انکا تحفظ کرنا چاہتا ہے۔اللہ کے پیغمبر جو بہت ہی اعلیٰ اور عمدہ اخلاق کے حامل رہے ہیں،ہمیشہ لوگوں کو اللہ کی طرف،اور ایک دوسرے کی طرف محبت اور قربت کی تعلیم دیتے تھے۔اللہ لوگوں کو حسب ذیل خوش خبری دیتا ہے۔

”یہ ہے خوش خبری،دیتا ہے اللہ اپنے ایمان والے بندوں کو جو کرتے ہیں اچھے کام، تو کیا میں نہیں مانگتا تم سے اس پر کچھ بدلا مگر دوستی چاہیے قرابت میں،اور جو کوئی کمائے گا نیکی ہم اس کو بڑھادیں گے اس کے لئے خوبی،بے شک اللہ بڑا ہی معاف کرنے والا اور حق ماننے والا ہے۔“(سورہ الشّوریٰ 23)بعض لوگ،جو قرآن کے پندونصح سے ناواقف ہیں اور جو نتیجہ میں،ٹھیک طور سے اللہ کو تسلیم اور اس کی قدردانی نہیں کرسکتے وہ محبت اور دوستی سے محروم ہوجاتے ہیں اور آیسی زندگی گزارتے ہیں جو تکالیف اور سزاؤں سے عبارت ہوتی ہے۔ان لوگوں میں سے ایسے لوگ جو گزارتے ہیں ظاہری طور پر بہت ہی کامیاب زندگیاں تاہم وہ نہیں پاسکتے سچی خوشی اور راحت۔وہ لوگ جو گزارتے ہیں اکیلی زندگی جو اپنے میں

محبت اور دوستی کے لئے کوئی جگہ نہیں رکھتے،اور جو قرآن کے بتائے ہوئے راستہ پر نہیں چلتے،نہیں پاتے کوئی لمحہ جو ان کے لئے حقیقی معنون میں اچھا یا خوش آئند ہوتا ہے۔یہ ایک حالت ہے ایک سزا کی،ان لوگوں کے لئے جو پہچانے جاتے ہیں ان کے روحانی اور جسمانی مظالم سے جو وہ دوسروں پر کرتے ہیں اور جو ایمان سے لاتعلق ہوتے ہیں۔وہ کبھی بھی کسی سے حقیقی معنوں میں محبت نہیں کرتے اور نہ وہ کسی سے محبت کئے جاتے ہیں۔جیسا کہ اللہ ہمیں مطلع کرتا ہے،تنہائی اور ایک عدم دوستی ہوتے ہیں دوزخ کی خصوصیات ”وہ یقین رکھتے نہیں تھے اللہ پر جو سب سے بڑا ہے اور نہ تاکید کرتے تھے غریب کے کھانے پر اس لئے نہیں ہے کوئی آج یہاں ان کا دوست۔“ (سورہ الحاقّہ،۳۵۔۳۳)

یہ کتاب اپنی سعی کرتی ہے یاد دلانے ایمان والوں کو ہمارے پروردگار سے محبت کو اس کے احساس کی اہمیت کو کہ جو بے پناہ محبت اور رحم رکھتا ہے،اور اہمیت کو جو اللہ کی محبت اس کے مخلوقات اور ایمان والوں سے ہوتی ہے،اور ساتھ ساتھ واضح کرتی ہے کہ محبت کا نہ ہونا ایک علامت ہے ان لوگوں کی جو اللہ کے وجود سے انکار کرتے ہیں،ہے ایک قہر اور عذاب۔ایمان والے اپنی مقدور بھر کوشش کرتے ہیں کہ یہ صورت حال کو آنے نہ دیں گزارتے ہوئے محبت سے بھرپور زندگیاں جنت کے حاصل کرنے کی توقع کے ساتھ اور اپنے آپ کو باندھ لیں محبت اور وفاداری کے ساتھ ہمارے پروردگار سے جو انسانیت کا سچا دوست اور سرپرست ہے اور ایمان والوں کا بھی۔

☆☆

Created with Print2PDF. To remove this line, buy a license at: http://www.software602.com/

اللہ کی محبت

لوگ عموماً اپنی خوشی کا اظہار کرنا ان لوگوں کے لئے پسند کرتے ہیں جو ان کے لئے کسی قدر خوش اخلاقی یا مہربانی کا اظہار کرتے ہیں۔

مثال کے طور پر، ایک شخص بہت خوش ہوتا ہے اگر کوئی اسے اپنے گھر خوش آمدید کرتا ہے اور اسے جو کچھ وہ چاہتا ہے پیش کرتا ہے۔ خاص طور پر اگر ایک میزبان، حساس شخص ہوتا ہے جو قبل اس کے کہ آنے والا شخص کسی چیز کی خواہش کرے، وہ خود سے آنے والے کی ضرورتوں کو سمجھ کر اسے پیش کرتا ہے۔ اس طرح سے ایک شخص جو ایک موذی مرض میں مبتلا ہے اور ایک معالج کے علاج سے صحت یاب ہوتا ہے، یہ نہیں جانتا کہ کیسے موزون طریقہ سے معالج کا شکریہ ادا کرے۔ ایسے ہی صورت حال سے ایک فٹ پاتھ پر چلنے والا شخص دوچار ہوتا ہے جبکہ وہ سامنے سے آنے والی گاڑی کے پلیٹ سے ایک اجنبی کے ذریعہ بچالیا جاتا ہے، اپنی ممنونیت کے اظہار کے لئے جو کچھ اس سے ہوسکتا ہے وہ کرنا چاہتا ہے۔ کوئی بھی جو بیمار رہتا ہے اور دوسروں پر زیر بار رہتا ہے مسلسل شکریہ ادا کرتا ہے اپنے دیکھ بھال کرنے والے کا جو اسے یقین دلاتا ہے کہ اس کی ضرورت پوری کی جارہی ہے۔ ان خدمات کے اعتراف میں وہ ظاہر کرتا ہے اپنی عقیدت اور تہنیت، تیماردار کے ساتھ حسن سلوک روا رکھ کر تعظیم کے ساتھ۔ یہ کوئی محبت کرتا ہے ان سے جو محبت کرتے ہیں ان سے، اور کوشش کرتے ہیں کہ پیش آئیں ان کے ساتھ اسی حسن سلوک کے ساتھ۔

بہرحال، بعض لوگ بھول جاتے ہیں کہ صرف اللہ ہی لوگوں کو خوش رکھ سکتا ہے، اچھا برتاؤ کرسکتا ہے، دے سکتا ہے انھیں اچھی اچھی غذائیں اور نعمتیں، پیدا کرسکتا ہے ان کے لئے اچھے اچھے نظارے، عطا کرتا ہے انھیں ایک نئی زندگی کے مواقع ہر صبح، تمام خطرات

سے محفوظ رکھتا ہے، جب وہ بیمار پڑتے ہیں تو صحت کے سادھن مہیا کراتا ہے اور شِفا دیتا ہے، ان کی مشکلیں آسان کرتا ہے ادویات سے لاحق پریشانیاں دور کرتا ہے، اور وہ مالک ہے ہر چیز کا جو وجود رکھتی ہے۔ اس لئے، جیسا کہ تمام نعمتیں اور اچھائیاں جو لوگ حاصل کرتے ہیں آتی ہیں صرف اللہ کی طرف سے، تو وہ اپنی تمام محبت تعظیم اور ممنونیت کے احساسات، وفاداری اور شکرگزاری اللہ کی طرف موڑ دیتے ہیں۔ جبکہ دوسروں کی مدد پر شکریہ ادا کرتے ہیں، ہم کو کبھی نہیں بھولنا چاہیے کہ ہمارے پروردگار نے مددگاروں کے دلوں میں جوت جگاتا ہے کہ ہمارے ساتھ مدد کریں اور ہمدردی رکھیں اللہ اس چیز کو ہمیں بتلاتا ہے کہ ''اللہ ہی کی سلطنت ہے آسمانوں اور زمین میں جلاتا ہے اور مارتا ہے اور تمہارا کوئی حمایتی اور مددگار نہیں ہے سوائے اللہ کے۔ (سورۂ توبہ، ۱۱۶)

قرآن اس کے علاوہ بیان کرتا ہے ابراہیمؑ کی دعا کو اللہ سے جو واضح کرتی ہے انسانوں پر اللہ کی مہربانی کو۔

''جس نے مجھے پیدا کیا ہے سو وہی مجھ کو راہ دکھلاتا ہے اور وہ جو مجھ کو کھلاتا ہے اور پلاتا ہے اور جب میں بیمار ہوتا ہوں تو وہی شِفا دیتا ہے۔ اور وہ جو مجھ کو مارے گا اور جلائے گا اور وہ تو مجھ کو بخشے گا میری تقصیر پر انصاف کے دن۔ (سورۂ اشعراء، ۸۲۔۷۸)

☆ ہر شخص کی خوبصورتی کا ماخذ اللہ ہے

اللہ نے ہر ایک کو، جب کہ وہ کچھ بھی نہ تھا، زندگی عطا کی ہے، اور دنیا کو انتہائی ممکنہ طور پر خوبصورت اور نفع بخش صورت میں پیدا کیا ہے مثال کے طور پر، لوگ آسانی سے سانس لیتے ہیں کیونکہ اس کی مہربانی کی وجہ سے، اس نے پیدا کیا ہے ٹھیک تناسب میں فضائی گیسوں کے لوگوں کے سانس لینے کے علاوہ اور دوسری اشیاء کے لئے درکار ضرورتوں کے لحاظ سے پیدا کیا ہے۔ ہم سب جانتے ہیں کہ بند ماحول میں سانس لینا کتنا مشکل ہوتا ہے اور جیسے جیسے دستیاب ہوا کم ہوتی جاتی ہے، نتیجہ میں ایک شخص سانس لینے میں جو تکلیف محسوس کرتا ہے وہ بڑھتی جاتی ہے۔ ہوسکتا تھا کہ ہم پیدا ہوسکتے تھے ایک ایسی دنیا میں جہاں سانس کا لینا مشکل ہوسکتا تھا۔ بہرکیف! اللہ کی مرضی اور مہربانی کی بدولت ایسا کچھ نہیں ہوا

Created with Print2PDF. To remove this line, buy a license at: http://www.software602.com/

تھا،حقیت میں ہمارے سیارہ پر ہوا ہمیں سستانے اور خوش رہنے دیتی ہے۔اللہ نے ہماری دنیا کو ترکاری، پھل پھلاری، اجناس اور نباتات کے بے شمار اقسام سے بھر دیا ہے۔اگر وہ چاہتا ہوتا تو وہ پیدا کر سکتا تھا صرف ایک بدذائقہ غذا کی ایک قسم،اور بنا دیا ہوتا ہماری زندگی کو مشکل، تاکہ ہم مجبور ہوتے اس ایک قسم کو پیدا کرنے اور کھانے مسلسل وہی۔ بہر حال، بطور ایک جُز کے اس کی بے انتہا محبت اور رحم کے اللہ نے پیدا کیا ہے خاصے اقسام پھلوں اور ترکاری کے مختلف ذائقوں کے ساتھ،اللہ نے لوگوں کو اس طرح پیدا کیا ہے کہ وہ انھیں کھائیں اور زندہ رہیں،اور اس مہربانی کی وجہ سے کھانے کو بنا دیا ہے ایک فرحت بخش تجربہ۔اس کے علاوہ تمام حیوانات کچھ پوشیدہ خوبصورتی اپنے میں رکھتے ہیں۔مثلاً پالتو جانور جیسے گھوڑے ،اونٹ اور کتے وغیرہ ہوتے ہیں قابل،مدد کرنے لوگوں کی، جبکہ اور دوسرے گھر سے لاگو یا کمزور حیوانات جیسے پرندے اور بلیان وغیرہ ایسی خصوصیات رکھتی ہیں جو انھیں محبت کے قابل بناتی ہیں مثلاً اللہ نے طوطوں کو عطا کیا ہے،انسانی بات چیت کو نقل کرنے کی صلاحیت،اور اللہ نے پرندوں کو دل لبھانے والے فرحت بخش ہمہ اقسام کے رنگوں سے ملبوس کر رکھا ہے اور انھیں انسانی محبت پر اپنے ردعمل کے اظہار کے قابل بنایا ہے۔دوسرے معنون میں اللہ نے ان مخلوقات کو پیدا کیا ہے لوگوں کے لئے ،محبت کے اور دل بہلائی کے منبع کے طور پر۔ہوا سے ہم سانس لیتے ہیں،بارش سے جو زمین پر گرتی ہے،پیداوار سے جو زمین پر اگتی ہے یا زمین کے نیچے پیدا ہوتی ہے،حیوانات، نباتات، ہوا، پانی،سورج وغیرہ جو ناگزیر ہوتے ہیں ہماری زندگی کے لئے ،ہر اہم چیز قدرت میں بغیر ہماری کوششوں کے ہم تک پہنچتی ہے۔

لوگوں کو زندہ رہنے اور زندگی کا سلسلہ جاری رکھنے کے لئے بہت وسیع کاروبار قدرت میں ہوتے رہتے ہیں،اور بہت ہی حساس تناسبوں کی دیکھ ریکھ اللہ کے حکم سے جاری وساری رہتے ہیں کائنات میں۔انسانوں سے ہٹ کر جاندار مخلوقات اپنی مخصوص خصوصیات سے ناواقف ہوتے ہیں۔ایک خرگوش یہ جانے بغیر زندگی گزارتا ہے کہ وہ کس قدر دل لبھا ہے دوسروں کے لئے۔ایک تتلی اپنے پنکھوں کے توازن اور تشاکُل ،ڈیزائن اور ارتباط سے ناواقف ہوتی ہے۔اور ایک مور جو بہت ہی خوشنما مثال ہے رنگوں کی ،ڈیزائن

اور توازن وتشاکل کی ،رہتا ہے ناواقف کہ کیوں وہ پیدا کیا گیا ہے اور سمجھ نہیں پاتا ہے اپنے میں موجود قدرت کی خوبصورت کاریگری کو۔حقیقت میں مور کے دُم کے رنگین ڈیزائن دنیا کے خوبصورت ترین نظاروں میں سے ایک ہے جو کافی ہے لوگوں کو یاد دلانے کہ اللہ کا شکر بجالائیں اور جانیں کہ یہ اللہ کی ہزارہا نعمتوں میں سے ایک ہے جو ظاہر کرتی ہے خدا کی قدرت کو اور اس کی بے پایان صلاحیت کو۔

اللہ پیش کرتا ہے ان تمام خوبصورت مخلوقات کو بطور نعمت کے انسانیت کے لئے۔اس طرح لوگوں کو جو دیکھتے ہیں خوبصورتی،ہم آہنگی اور رنگارنگ کے حیوانات، نباتات، تسلیم کرنا چاہیے خدا کی زبردست قدرت کو اور اللہ کا شکرگزار رہنا ہوگا جو خالق ہے ان تمام خوبصورتیوں کا۔اللہ کی مخلوقات کو شمار نہیں کیا جا سکتا۔وہاں ہوتی ہے ایک لاجواب دل کو لبھانے والی خوبصورتی ہر ایک گلاب کے پھول میں۔اس کی پنکھڑیاں Petal رکھتے ہیں ایک مطلق توازن وتشاکل اور سجائے گئے ہیں خاص احتیاط کے ساتھ ہر پنکھڑی (Petal) کا اوپر کا سِرا جو مشابہت رکھتا ہے ایک بہت ہی قیمتی شئے سے اور جو ہوتا ہے تقریباً اتنا ہی ملائم جتنا کہ قیمتی مخمل۔باوجود اس کے کہ یہ لگایا جاتا ہے اور اگایا جاتا ہے کیچڑ آلود کالی مٹی میں، اس کے خوش کُن رنگ،کبھی بھی غلاظت بھرے اور بدنما نہیں ہو پاتے۔

برخلاف اس کے استعمال کرتے ہوئے انتہائی ترقی یافتہ دور حاضر کی ٹکنالوجی کے ماہرین آج تک بھی مصنوعی طور پر اس کی خوشبو کی مخصوص خصوصیات پیدا نہ کر سکے۔ان کی بنائی ہوئی خوشبویات وقت گزرنے پر ناقابل استعمال ہو جاتی ہیں۔تاہم گلاب سے حاصل کردہ اصلی خوشبویات طویل عرصہ تک قابل استعمال ہوتی ہیں۔بہر حال ایک گلاب مستقل طور پر بکھیرتا ہے وہی شاندار تازہ خوشبویات۔اور پھر بھی وہ گلاب بالکلیہ اپنی نمایاں خصوصیات سے لاعلم رہتا ہے۔اور کوئی پودا یا مخلوق اس لئے پیدا نہیں کیا گیا تھا کہ وہ اپنی خوبیوں سے خود ہی لطف اندوز ہو۔لیکن اللہ لوگوں کو مواقع فراہم کرتا ہے کہ ہر گلاب کی خوشبو اور رنگ روپ سے لطف اٹھائیں،اسے ایک خدائی نعمت سمجھ کر۔جائز طریقہ سے حاصل کی ہوئی ہر خوبصورتی ہے ایک نعمت ہمارے اللہ کی طرف سے اور ہے ایک مظہر اس کی بے انتہا خوبصورت تخلیق کا۔

Created with Print2PDF. To remove this line, buy a license at: http://www.software602.com/

یہی وجہ ہے کہ ہر صاحبِ ضمیر، صحیح سوچ کے حامل شخص کو چاہیے کہ وہ رب العزت کا شکر بڑی ممنونیت اور محبت سے ادا کرے، اس لئے کہ وہ خالق ہے ان تمام خوبصورتیوں کا۔ اللہ ہمیں آگاہ کرتا ہے کہ تمام اس کی مخلوقات رکھتی ہیں اپنے میں شواہد جن کی بنیاد پر لوگوں کو ہر دم اس کا شکر گزار رہنا چاہیئے۔

ایک آیت پیش ہے۔

”اور جو چیزیں اللہ نے پھیلا دی ہیں، تمہارے واسطے، زمیں پر رنگ برنگی، اس میں نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لئے جو سوچ وفکر کرتے ہیں۔“

(سورۃ ان نحل، ۱۳)

ہم نے ان میں سے صرف چند ہی نعمتوں کا ذکر کیا ہے جو اللہ نے لوگوں کو عطا کی ہیں۔ بہر حال ان مثالوں میں سے ایک کا ذکر کرنا بھی کافی ہوتا ہے۔ سمجھنے کے لئے اللہ کی مہربانی کو جو وہ تمام لوگوں پر کرتا ہے۔ وہ تمام لوگ جو اللہ کی مرضی کی وجہ سے کچھ حد تک سمجھنے کی صلاحیت رکھتے ہیں اور اس لئے فیصلے کر سکیں ہیں، ان کو چاہئے کہ اس سمجھنے کی صلاحیت کا صحیح ڈھنگ سے استعمال کریں اور اللہ سے مناسب طور پر محبت کریں۔ اپنے ضمیر کا استعمال کرتے ہوئے جو لوگ اس شاندار تخلیقی نظام کو سمجھتے ہیں، دیکھتے ہیں کہ دنیا، اللہ کے لئے ان کی محبت میں اضافہ کرنے کے وجوہات سے بھری پڑی ہے۔

کئی قرآنی آیات لوگوں کو توجہ دلاتی ہیں اپنے تاثرات ظاہر کرنے کے لئے ان تمام نعمتوں کے بارے میں جو اللہ نے انھیں دے رکھی ہیں۔ اور ان میں سے چند انعامات کے بارے میں بھی ہمیں یاد دلاتی ہیں۔

آیت

”بنایا ہے آدمی کو ایک بوند سے پھر جب ہی ہو گیا جھگڑنے والا بولنے والا، اور چوپائے بنا دیئے تمہارے واسطے جوڑے دار، اور کتنے فائدے، اور بعضوں کو کھاتے ہو، اور تم کو ان سے عزت ہے، جب شام کو چرا کر لاتے ہو اور جب چرانے لے جاتے ہو، اور اٹھالے چلتے ہیں بوجھ تمہارے ان شہروں تک کہ تم نہ پہنچتے وہاں مگر جان مار کر، بیشک تمہارا رب بڑا شفقت کرنے والا بڑا مہربان ہے، اور گھوڑے پیدا کئے اور خچر اور گدھے کہ ان پر

سوار ہو اور زینت کے لئے، اور پیدا کرتا ہے جو تم نہیں جانتے اور اللہ تک پہنچتی ہے سیدھی راہ اور بعض راہ کج بھی ہے، اور اگر وہ چاہے تو سیدھی راہ دے تم سب کو، اور وہی ہے جس نے اتارا آسمان سے پانی تمہارے لئے، اس سے پیتے ہو اور اسی سے درخت ہوتے ہیں جس سے چراتے ہو، اگاتے ہو تمہارے لئے اس سے کھیتی اور زیتون اور کھجوریں اور انگور اور ہر قسم کے میوے اس میں البتہ نشانی ہے ان لوگوں کو جو غور کرتے ہیں۔ اور تمہارے کام میں لگا دیا ہے رات اور دن، اور سورج اور چاند کو اور ستارے کام میں لگے ہیں اس کے حکم سے، اس میں نشانیاں ہیں ان لوگوں کو جو سمجھ رکھتے ہیں۔ اور جو چیزیں پھیلا دی ہیں تمہارے واسطے زمین پر رنگ برنگی اس میں نشانی ہے ان لوگوں کو جو سوچتے ہیں۔ اور وہی ہے جس نے کام میں لگا دیا ہے دریا کو کہ کھاؤ اس میں سے گوشت تازہ اور نکالو اس میں سے گہنا موتی جو پہنتے ہو۔ اور دیکھتا ہے تو کشتیوں کو چلتی ہیں پانی پھاڑ کر اس میں اور اس واسطے کہ تلاش کرو اس کے فضل سے اور تاکہ احسان مانو۔ اور رکھ دیئے زمین پر بوجھ پہاڑوں کے کہ کبھی جھک نہ پڑے تم کو لے کر اور بنائیں ندیاں اور راستے تاکہ تم راہ پاؤ اور بنائیں علامتیں اور ستاروں سے لوگ راہ پاتے ہیں۔ (سورۃ ان نحل، ۱۶۔۴)

یہ نعمتیں ہیں صرف ایک نمونہ ان نعمتوں کا جو اللہ کی طرف سے انسانوں کو دی گئی تھیں، کیونکہ اللہ ذیل کی آیت میں منادی کرتا ہے۔

”اور اگر شمار کرو اللہ کی نعمتوں کو تو نہ پورا کر سکو گے ان کو، بے شک اللہ بخشنے والا اور مہربان ہے۔“ (سورۃ ان نحل، ۱۸)

حتیٰ کہ اگر ایک شخص تاثرات کا اظہار کرتا ہے ان نعمتوں پر جن کا اعادہ ان آیات میں ہوا تھا، یہ کافی ہے اس کے لئے جو سمجھتا ہے اللہ کی بے شمار فیض رسانی، رحم اور مہربانی کو۔ اللہ نے ہمیں نوازا ہے زندگی سے، ہمارے معاش کے لئے یقین دلاتا ہے، ہمیں خوش رکھتا ہے، اور ہر مخلوق اور صورت کو پیدا کرتا ہے جو ہمیں خوش کرتے ہیں۔ اس وجہ سے، ہم کو مسلسل خدا کے شکر گزار ہونا چاہیے ان نعمتوں کے لئے اور اللہ کے لئے غیر معمولی محبت محسوس کرنا چاہیے۔ اللہ نے تمام انسانوں کو پیدا کیا ہے جب کہ وہ کچھ بھی نہ تھے اور عطا کی ان کو زندگیاں۔ لوگ اللہ کی مہربانی کو جوان پر ہوتی ہے دیکھتے ہیں، اور ساتھ ساتھ اس کی

Created with Print2PDF. To remove this line, buy a license at: http://www.software602.com/

دائمی مہربانی اور کرم کو دیکھتے ہیں جب وہ تاثر ظاہر کرتے ہیں کہ وہ کس طرح پیدا کئے گئے تھے، کس طرح زندگی حاصل کی تھی، اور کس طرح احتیاط کے ساتھ ان کی حفاظت کی جاتی رہی ہے ان کی پیدائش کے لمحہ سے موت کے لمحہ تک۔ اللہ لوگوں کو توجہ دلاتا ہے ان کی تخلیق کے بارے میں، اظہار کرتا ہے ذیل کی آیت میں۔

''کیا انسان یاد نہیں رکھتا کہ ہم نے اس کو بنایا ہے جبکہ، پہلے سے وہ کچھ بھی نہ تھا۔''
(سورۂ مریم، ۶۷)

اللہ رحم مادر میں بچہ کو بہت ہی محفوظ حالت میں رکھتا ہے، اس محفوظیت کے ذریعہ سے وہ روکتا ہے بچہ کو پاپچ ہونے سے درد اور تکالیف سے محفوظ رکھتا ہے، جو کچھ کہ ایک بچّے کو ضرورت ہوتی ہے، ان کو پیدا کر دیا گیا تھا اربوں سال پہلے ہوا پانی اور سورج کی روشنی وغیرہ کو قدرت کی دی ہوئی نعمت ہوا سے وہ سانس لیتا ہے، اپنی ماں کے دودھ سے ہر تغذیہ کی جو اس کی ضرورت ہوتی ہے، وہ پوری ہوتی ہے، غرض کہ اس کے لئے ہر ضرورت تیار رہتی ہے، جوں ہی وہ دنیا میں آتا ہے۔ ہر شخص کا جسم محفوظ رہتا ہے اس کی ساری زندگی کے دوران اس بے عیب نظام کے دائرہ عمل میں جس کو اللہ نے پیدا کر رکھا ہے۔ مثلاً ہر شخص کا دل بغیر رکے دھڑکتا ہے ایک شخص کچھ بھی نہیں کرتا اس زندگی کے نظام کو قائم رکھنے میں۔ اگر وہ تیقن دیا ہوتا کہ اس کا دل حرکت کرے گا اس کی زندگی میں ہر سکنڈ پر، تو بھی اس کی زندگی ناقابل برداشت ہو جاتی ہے، اسلئے کہ وہ ناقابل ہوتا ہے سونے ایک پُرسکون نیند، کھانے اطمینان سے، یا کچھ بھی باقاعدگی سے کر نہیں پاتا، لیکن سوچتا رہتا ہے بارے میں اپنے دل کی دھڑکن کے مسلسل۔

بہر حال، اللہ حکم دیتا ہے ہر ایک شخص کے دل کو کہ دھڑکے پیدائش کے لمحہ سے موت کے لمحہ تک۔ نتیجتاً اللہ تیقن دیتا ہے کہ ہر شخص کا دل کبھی بھی دھڑکنا بند نہیں کرے گا حتی کہ ایک لمحہ کے لئے بھی موت تک۔

ایک شخص حتمی طور پر اپنے جسم پر کنٹرول نہیں رکھ سکتا یا وجود کو اس کے خلاف زور دینے کے لئے آمادہ نہیں کر سکتا۔

ہمارا ہر لحاظ سے شاندار پروردگار ایک شخص کے جسم کے ہر حصہ کو پورے طور پر

کنٹرول کرنے والا ہے۔ ایک شخص خود سے آزادانہ طور پر کنٹرول یا دیکھ ریکھ نہیں کر سکتا ہے۔ دوران خون کو، کس قدر خون پمپ ہوتا ہے، اس (خون) کو منجمد ہونے میں کتنا وقت لگتا ہے، اور تمام مختلف سسٹمس (یعنی تنفس نظام، ہضمی نظام، تحفظی نظام، اعصابی نظام وغیرہ) جو موجود ہوتے ہیں اس کے جسم میں کس طرح کارکرد ہوتے ہیں اس سے شخص لاعلم رہتا ہے۔

ایک شخص ہر ضرورت کے لئے اللہ پر depend ہوتا ہے، جیسا کہ اللہ ظاہر کرتا ہے:

''اے لوگو تم ہو محتاج، اللہ کی طرف اور اللہ ہر احتیاج سے آزاد ہے، اللہ سب تعریفوں والا ہے۔'' (سورۂ فاطر، ۱۵)

ہر صبح جب تم جاگتے ہو، تم دیکھتے ہو کہ تمہارا جسم یکدم تازہ محسوس ہوتا ہے اور کام دلجمعی سے کرتا ہے تاکہ تم زندہ رہ سکو۔ تم آسانی سے سانس لیتے ہو اور دیکھتے ہو ایک تازگی بھری دنیا کو بغیر ذرا سا بھی زیر بار ہونے کے۔

تم سنتے ہو صاف طور پر آوازیں آسانی سے محسوس کرتے ہو تمام خوشبویات کو، جو تم خواہش کرتے ہو کھاتے ہو۔ تم سوچنے اور توجہ کو مرکوز کرنے کا خیال نہیں کرتے کہ جو وٹامن جو تم استعمال کرتے ہو کہاں سے بھیجے جاتے ہیں، کس طرح تمہارا تحفظی نظام عمل کرتا ہے اور کارکرد رہتا ہے بچنے جرثوموں اور viruses، سے کس طرح تمہارا بھیجہ پیدا کرتا ہے خاکے فرنیچر کے ایک حصہ کے یا کسی اور چیز کے بارے میں تفصیل۔ بغیر کسی قسم کی تکلیف اٹھائے تم یاد کر سکتے ہو جو کچھ تم نے کیا تھا کل یا کئی سال پہلے اور ذخیرہ کر لیتے ہو ان تمام معلومات کو اپنے حافظہ میں سب سے زیادہ اہم ایک لحاظ سے، باوجود رکھنے ایک جسم جو کارکرد ہوتا ہے ایک حساس ترازو کے مطابق، تم ہوتے ہو صحت مند، کیونکہ اللہ مستقل طور پر کنٹرول کر رہا ہے تمہارے سارے نظام کو۔ اس لئے لوگ اپنے تاثر کا اظہار کرتے ہیں، بے عیب نظام کے بارے میں اور بے شمار عنایات کے بارے میں جو ہمارے پروردگار نے عطا کی ہیں لوگوں کو۔ جیسا کہ اللہ ہمیں یاد دلاتا ہے قرآن میں:

''اے انسان کس چیز سے بہکا ہے تو اپنے رب کریم پر، جس نے تجھ کو بنایا ہے، پھر تجھ کو برابر کیا ہے اور جس صورت میں چاہا تجھ کو جوڑ دیا۔'' (سورۂ ال۔ انفطار ۸۔۶)

اس لئے، اگر ایک شخص دیکھتا ہوتا اپنے جسم کو، کافی ثبوت پا سکتا ہوتا جو اس کی

Created with Print2PDF. To remove this line, buy a license at: http://www.software602.com/

رہبری کرتا ہوتا حاصل کرنے ایک گہری اور اعلیٰ محبت اللہ کی۔اس کے علاوہ، کائنات رکھتی ہے کافی تفصیلات، ان میں سے تمام نمائندگی کرتے ہیں بے شمار عنایات کی جو لوگوں کو عطا کی گئی ہیں۔یہ تمام غیر معمولی عنایات پیدا کی گئی ہیں اور محفوظ رکھی گئی ہیں ہمارے صرف ایک اور واحد دوست اللہ سے۔

وہ جو ان تفصیلات پر اپنے تعلق خاطر کا اظہار کرتے ہیں اور دیکھتے ہیں کہ وہ مسلسل اللہ پر depend ہوتے ہیں، جس نے صرف انھیں پیدا کیا ہے بلکہ زندہ رہنے کے قابل بنایا ہے۔بغیر اس کی مرضی کے وہ سانس بھی نہیں لے سکتے۔اس طرح وہ سمجھ سکتے ہیں کہ اللہ ہی ان کا سب سے قریبی دوست اور سرپرست ہے۔اللہ ہمیں اس حقیقت سے روشناس کراتا ہے ذیل کی آیت میں:

”اور تم عاجز کرنے والے نہیں، زمین میں اور نہ آسمان میں، اور کوئی نہیں تمہارا اللہ سے ورے حمایتی اور نہ مددگار۔“ (سورۃ عنکبوت،۲۲)

☆ اللہ کی پیدا کردہ ہر چیز ہوتی ہے بہت ہی ندرت بھری اور نفع بخش

ہر قدرت والا ہمارا پروردگار لامحدود انصاف اور رحم اپنے میں رکھتا ہے، پیدا کیا ہے ساری کائنات کو، ساتھ ساتھ ہر فیصلہ جو وہ کرتا ہے وہ ہوتا ہے بہت ہی فائدہ مند اور خوبصورت تمام لوگوں کے لئے۔حتیٰ کہ بعض واقعات جو بظاہر، غیر اہم نظر آتے ہیں، زیادہ اچھائی، ذہانت اور خوبصورتی اپنے میں رکھتے ہیں، اللہ ہمیں اس حقیقت سے ذیل کی آیات میں واقف کراتا ہے۔

”شائد بری لگے تم کو ایک چیز اور وہ بہتر ہو تمہارے حق میں اور شاید تم کو بھلی لگے ایک چیز اور وہ بری ہو تمہارے حق میں اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔“

(سورۃ بقرہ،۲۱۶)

”ہم نے اس کو سجھائی راہ، آیا اسے حق مانتا ہے اور آیا ناشکری کرتا ہے۔“

(سورۃ الدھر،۳)

وہ ایمان والے جو اس حقیقت کو جانتے ہوئے اپنی زندگیاں گزارتے ہیں،

مطمئن ہوتے ہیں جو کچھ حالات سے وہ گزرتے ہیں اور جو کچھ وہ سنتے ہیں، اور ہمیشہ اللہ کی طرف رجوع رہتے ہیں شکر ادا کرتے ہیں واسطے تمام نعمتوں کے لئے جو اللہ نے عطا کی ہیں۔اس طرح وہ یاد کرتے ہیں اللہ کو گہری محبت اور حمد کے ساتھ۔

☆ اللہ چاہتا ہے آسانیاں لوگوں کے لئے

ہمارا پروردگار رکھتا ہے بے انتہا رحم اور ہمدردی، بلاتا ہے لوگوں کو سب سے زیادہ آسان اور بے حد خوبصورت راستہ کی طرف اس کے پیغمبروں اور کتابوں کے ذریعہ۔مذہبی اخلاق، جن کی طرف وہ ہمیں بُلاتا ہے، ہوتے ہیں انتہائی آسان اپنانے کے لئے، اور مقرر کردہ عبادتیں ہر ایک کے حیطۂ اختیار میں ہوتی ہیں۔ان لوگوں میں سے وہ جو ان مذہبی فرائض کو پورا نہیں کرسکتے انھیں آگاہ کیا جاتا ہے کئی آسان طریقوں سے جن کو وہ استعمال کرسکتے ہیں بدلنے اپنے حالت کو اور ہمارے رب کریم کی خوشنودی حاصل کرنے۔جیسا کہ ہم پڑھتے ہیں ان آیات میں ”سہج سہج پہنچائیں گے ہم تجھ کو آسانی تک۔

(سورۃ الاعلیٰ۔۸)

”اس واسطے نہیں اتارا ہم نے تجھ پر قرآن کہ تو محنت میں پڑے، مگر نصیحت کے واسطے، اس کے لئے جو ڈرتا ہے۔“ (سورۃ طٰہٰ،۲،۳)

”......اس نے تمہیں پسند کیا اور نہیں رکھی تم پر دین میں کچھ مشکل —— دین تمہارے باپ ابراہیم کا...........“ (سورۃ الحج،۷۸)

ایک دوسری آیت میں، اللہ کہتا ہے کہ وہ لوگوں پر اتنا بوجھ نہ لادے گا کہ وہ اسے سنبھال نہ سکیں۔

”اللہ تکلیف نہیں دیتا کسی کو مگر جس قدر اس کی گنجائش ہے۔اس کو ملتا ہے جو اس نے کمایا ہے اور اسی پر پڑتا ہے جو اس نے کیا ہے۔اے ہمارے رب نہ پکڑ ہم کو اگر ہم بھولیں یا چوکیں، اے رب ہمارے اور نہ رکھ ہم پر بوجھ بھاری جیسا کہ رکھا تھا ہم سے اگلے لوگوں پر، اے رب ہمارے اور نہ اٹھوا ہم سے بوجھ کہ جس کی ہم کو طاقت نہیں اور درگزر کر ہم کو اور بخش ہم کو اور رحم کر ہم پر تو ہی ہمارا رب ہے مدد کر ہماری کافروں پر۔“

(سورۃ بقرہ،۲۸۶)

Created with Print2PDF. To remove this line, buy a license at: http://www.software602.com/

یہ آسانی ہے ایک اظہار اللہ کی مہربانی کا، مغفرت کا اور رحم دلی کا۔ اللہ نے قائم کیا ہے ایک آسان دین اپنے بندوں کے لئے، اور، اس جسمانی امتحان کے ختم پر، اللہ سناتا ہے خوشخبری، بے نظیر خوبصورتی کی اور ناقابل قیاس کمال کی نعمتوں سے لبریز، جنت کی دائمی زندگی کی:

”خوشخبری دیتا ہے ان کو اللہ اپنی طرف سے مہربانی کی اور رضامندی کی اور باغوں کی کہ جن میں ان کو آرام ہے ہمیشہ کا، رہا کریں گے ان میں مدام، بے شک اللہ کے پاس بڑا ثواب ہے۔“ (سورۂ توبہ، ۲۱،۲۲)

اللہ ہر چیز سے بے نیاز ہے اور تمام خامیوں سے آزاد ہے۔

برخلاف اس کے، بندوں کو ضرورت ہے کہ عبادت کریں، دعا مانگیں، اور اچھے کردار و اخلاق کا مظاہرہ کریں۔ حتیٰ کہ دنیا کا سب سے زیادہ ہولناک تشدد پسند اور بدعقیدہ شخص کسی طرح سے بھی اللہ کو نقصان نہیں پہنچا سکتا، کیونکہ اللہ پورے طور پر مالک اور قادر مطلق ہے تمام کا جو وجود رکھتے ہیں۔ پھر بھی اللہ کہتا ہے کہ وہ نوازتا ہے ان لوگوں کو جو بہترین کردار و اخلاق کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ کیونکہ اللہ، قادر مطلق، کی کئی نشانیوں میں سے ایک، معاف کر دینا اور رحم کرنا ہے۔

انکشافات جو اللہ کی سچی کتاب اپنے میں رکھتی ہیں، لوگوں کو ان کی تاریکی سے روشنی میں لاتی ہیں اور اللہ کے بھیجے گئے پیغمبروں اور رسولوں کے ذریعہ ہر ایک کی رہبری کی جاتی ہے صحیح راستہ کی طرف جو ہوتا ہے ایک دوسرا مظہر ہمارے پروردگار کی مہربانی کا۔ اللہ نے قرآن کو روشنی کا ایک ماخذ بنایا ہے جو لوگوں کو صحیح اور غلط راستوں کی پہچان بتلاتا ہے۔ اور ظاہر کرتا ہے تمام ضروری نقاط جن پر عمل کر کے انسان کامل انسان بن جاتا ہے اور دین و دنیا میں سرخرو اور شادماں ہوتا ہے۔ ہمارا رب، ہم کو عبادت، اعتقاد اور سلوک مسلوک و اخلاق کی تمام صورتوں سے آگاہ کرتا ہے اور جن کے لئے ہم جواب دہ ہوں گے بعد کی زندگی میں۔ ”............اور ہم نے ان لوگوں کے پاس پہنچا دی ہے کتاب جس میں مفصل بیان کیا ہے ہم نے خبرداری کے ساتھ، راہ دکھانے والی اور رحمت ہے ایمان والوں کے لئے۔“

(سورۃ الاعراف، ۵۲)

اللہ کہتا ہے قرآن میں کہ اس کے حروف میں کبھی انحراف نہیں ہوگا۔

”ہم نے آپ پر اتاری ہے یہ نصیحت اور ہم اب اس کے نگہبان ہیں۔“

(سورۂ حجر، ۹)

”اس پر جھوٹ کا دخل نہیں آگے سے اور نہ پیچھے سے، اتاری ہوئی ہے حکمتوں والے سب تعریفوں والے کی۔“ (سورۂ fossilat ۴۲)

قرآن کی نگہبانی ہوگی اور وہ قیامت تک قانونی طور پر کارکرد رہے گا۔ اپنے میں ہر عیب سے عاری اور ہر لحاظ سے جامع قرآن ہے ایک نعمت عظمیٰ اور سہولت بخش ساری انسانیت کے لئے۔ اللہ ان حقائق سے واقف کراتا ہے ایمان والوں کو ذیل کی آیت میں:

”............اور اتاری ہم نے تجھ پر کتاب، ہر چیز کے بارے میں کھلے بیان کے ساتھ اور ہدایت اور رحمت اور خوشخبری حکم ماننے والوں کے لئے۔“

(سورۂ النّحل، ۸۹)

اور اس کے علاوہ، اللہ نے تمام انسانوں کی تاریخ کے دوران بھیجے ہیں اس کے رسول اور پیغمبر لوگ۔ یہ اللہ کے متبرک لوگ جن کو اللہ نے اپنا رسول اور پیغمبر انتخاب کیا تھا، ہوتے تھے بہت ہی قابل اعتماد، پاکیزہ، نیک اور انتہائی اچھے اخلاق کے حامل۔ وہ صرف اللہ کی خوشنودی کے متلاشی ہوتے تھے، حتیٰ کہ اپنی جان خطرے میں ڈال کر، اپنی زندگیاں صرف کرتے تھے لوگوں کو راغب کرتے ہوئے سچائی کے راستہ کی طرف۔ علاوہ اس کے وہ ہوتے تھے بہت ہی رحم دل، وہ مسلسل ایمان والوں کے لئے سوچا کرتے تھے اور ان کی حفاظت کیا کرتے تھے اور ہوتے تھے دردمند اور ایثار کے مجسمے ایمان والوں اور عام لوگوں کے لئے۔ اللہ انتخاب کرتا تھا ان تمام خاص الخاص لوگوں کا جو اس قدر شاندار خصوصیات کے حامل ہوتے تھے اور انھیں بھیجتا تھا انسانیت کی بہتری کے لئے۔ یہ ہے ایک اور مثال اللہ کی مہربانی کی جو وہ عام انسانوں کے لئے روا رکھتا تھا۔ ایک اور اس کے رحم اور تحفظ کا اظہار ہوتا ہے جبکہ وہ تمام باتوں سے لوگوں کو آگاہ کر چکا تھا اور بھیج چکا تھا۔ ساری سچی کتابیں، ساتھ قابل بھروسہ رسول اور پیغمبروں کے، لوگوں کو دعوت دینے ایک آسان اور سچے راستہ کی طرف۔

Created with Print2PDF. To remove this line, buy a license at: http://www.software602.com/

اللہ یقین دلاتا ہے سہولت کی تمام لوگوں کو ساری انسانی تاریخ کے دوران اور مہیا کرتے ہوئے، یہ سہولت ان کے لئے ممکنہ اچھی شکل میں اور وعدہ کرتا ہے نگہبانی کا اور تحفظ کا ان لوگوں کے لئے جو اس کے بلاوے پر لبیک کہتے ہیں۔

اور ان سب کے ماسوا، وہ وعدہ کرتا ہے ایک جنت کا جو تمام خوبیوں سے آراستہ ہوتی ہے ایمان والوں کے لئے۔ اللہ بہت ہی مہربان، محافظ اور تمام لوگوں کو نعمتیں مہیا کرنے والا ہے اس دنیا میں اور بعد کی دنیا میں اور رکھتا ہے بے پناہ محبت، ہمدردی لوگوں کے جو خدا کے حکم بجالاتے ہیں اور نیک کام کرتے ہیں۔

☆ اللہ پشیمانی (توبہ) قبول کرتا ہے اور معاف کرتا ہے ان لوگوں کو جو ندامت محسوس کرتے ہیں۔

اللہ جو رکھتا ہے غیر معمولی معاف کرنے کی صفت، ظاہر ہوتی ہے ذیل کی آیت میں۔

"اور اگر اللہ پکڑے لوگوں کو ان کی بے انصافی پر، نہ چھوڑے زمین پر ایک بھی چلنے والا، لیکن ڈھیل دیتا ہے ان کو ایک وقتِ موعود تک، پھر جب آپہنچے گا ان کا وعدہ نہ پیچھے سرک سکیں گے ایک گھڑی اور نہ آگے سرک سکیں گے۔" (سورۃ النّحل، ۶۱)

حتیٰ کہ جب کے تم پڑھ رہے ہوتے ہو یہ کتاب، اللہ نے مختص کر رکھا ہے ایک خاص وقت تمہارے اور تمام دوسرے لوگوں کے لئے۔ یہ ہے ایک بہت ہی کار آمد وقفہ ایمان والوں کے لئے۔ ہر شخص جو ڈرتا ہے، تعظیم بجالاتا ہے اور مطیع اور فرمانبردار ہوتا ہے اللہ کا اور اپنا رخ کرتا ہے اللہ کی طرف ندامت میں ہر گناہ کے لئے جو وہ اعتراف کرتا ہے یا کرتی ہے تو اللہ کی معافی حاصل کریں گے جب تک وہ مخلص رہیں گے اپنی پشیمانی میں۔

اللہ کا بے انتہا رحم کا اظہار ہوتا ہے ذیل کی آیت میں:

"اور اگر نہ ہوتا اللہ کا فضل تمہارے اوپر اور اس کی رحمت اور یہ کہ اللہ معاف کرنے والا ہے اور حکمتیں جاننے والا ہے ورنہ کیا کچھ نہ ہوتا۔" (سورۃ النور، ۱۰)

چونکہ اللہ رکھتا ہے اپنے میں بے پناہ رحم، وہاں ہمیشہ ہوتی ہے امید معافی کی۔ ہمارا اللہ عطا کرتا ہے نجات کا موقع ہر شخص کو جب تک کہ وہ زندہ رہتا ہے یا رہتی ہے، اور ہر

ایک کو اس حقیقت سے متعارف کراتا ہے۔

اللہ کی تمام مہربانیاں اور رحم کے باوجود، وہ جو کہ اللہ کو بھول جاتے ہیں یا گذارتے ہیں زندگی بغیر سوچے سمجھے اللہ کے اعتماد کے بارے میں ہیں، حقیقت میں، بالکل یہ ایک بے پرواہی کی حالت میں۔ صحیح ڈھنگ سے قابل نہیں ہوتے جاننے اللہ کی مہربانی کو محبت کو اور عنایات کو اس زندگی میں، وہ سزا پائیں گے بعد کی زندگی میں۔

☆ اللہ حفاظت کرتا ہے اور مدد کرتا ہے ان لوگوں کی جو اس کے بتائے ہوئے راستہ پر چلتے ہیں۔

